# ہدایات برائے SIS پر Students کی ڈیٹا انٹری

## جنرل انفارمیشن:

مین سکرین کے اوپر چار آپشنز آپ کو نظر آ رہی ہیں ان میں سے سب سے پہلی آپشن Students کی ہے جس کے اوپر ایک ڈمی تصویر بنی ہوئی ہے۔ اس کو پریس کریں اس کے بعد آپ کے پاس ایک اور سکرین کھل جائے گی جس کے اوپر مندرجہ ذیل آپشنز موجود ہیں سب سے پہلی آپشن Enrollment کی ہے دوسری Attendance کی ہے تیسری Transfer in کی اور چوتھی Transfer out Requests کی ہے جو آپشن سلیکٹ ہوگی وہ سبز رنگ کی ہائی لائیٹڈ ہو جائے گی جیسا کہ ڈیفالٹ میں Enrollment سبز رنگ سے ہائی لائیٹ ہوئی ہوگی۔ اس کے نیچے آپ کے پاس اس کا پراسیس نظر آ رہا ہوگا۔ جس میں نیچے دیئے گئے ٹیبل کی وضاحت کی ہوگی کہ Rejected, in Process اور Enrolled کے کالم میں نمبر کس وجہ سے آ رہے ہیں ٹیبل کے دوسرے کالم Class کے نیچے سیکشن نظر آ رہے ہیں ۔ ہر سیکشن کے سامنے اس سیکشن میں موجود Rejected, in Process اور Enrolled بچے نظر آ رہے ہیں۔ کسی بھی کلاس میں کسی بھی سیکشن میں طلباء کو رجسٹرڈ کرنے کے لیے اس کلاس کے اس سیکشن کے نام کو پریس کریں اس کو پریس کرنے سے آپ کے پاس ایک اور سکرین کھل جائے گی۔ جس میں سب سے پہلے Enrollment کے لفظ کے نیچے اس کلاس کے سیکشن کا نام نظر آ رہا ہوگا اس کے نیچے سبز رنگ کا ایک بٹن نظر آ رہا ہے جس کا ٹائیٹل Enroll New Student کے نام سے ہوگا اس کے نیچے ایک وضاحتی سطر نظر آئے گی جس میں نیچے دیے گئے ٹیبل کے سٹیٹس والے کالم کی وضاحت درج کی ہوئی ہے اور نیچے دیے گئے ٹیبل میں بچوں کے ناموں کا اندراج نظر آ رہا ہوگا اگر کسی نئے بچے کا اندراج کرنا ہے تو اس کے لیے دیے گئے Enroll New Student کے بٹن کو دبائیں اس کے بعد آپ کے پاس ایک چھوٹی سکرین اُبھر کر سامنے آ جائے گی جس کے اوپر درج ذیل آپشنز موجود ہوں گی Enroll New Student اور دوسری Transfer in Enrolled Student نظر آ رہی ہوگی اب آپ ضرورت کے مطابق ان دونوں آپشنز کا استعمال کریں گے اگر آپ کے پاس ایسا بچہ آیا ہے جس کا ریکارڈ SIS کی ڈیٹا بیس میں موجود نہیں ہے اور اس کا کسی اور سکول میں پہلے سے اندراج نہیں ہے تو آپ پہلی آپشن کو استعمال کریں گے جس کے ساتھ دیے گئے گول دائرے کو پریس کریں گے اس سے اس کا کلر گرین ہو جائے گا یہ اس بات کی نشاندہی ہے کہ آپ کی مطلوبہ آپشن سلیکٹ ہوگئی ہے۔ اس کے بعد نیچے دیے گئے Ok کے بٹن کو دبائیں Ok کے بٹن کو دبانے سے آپ کے پاس نئے بچے کے اندراج کا فارم اوپن ہو جائے گا اس فارم میں بچے کی معلومات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا اس کی پرسنل معلومات پر مبنی ہے اور دوسرا اس کی ایجوکیشنل معلومات پر مبنی ہے۔

## PERSONAL

پہلے سے پرسنل معلومات کا ٹیب سلیکٹ ہوا ہوگا اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کا بیک گراؤنڈ نیلا ہوگا اس کے بعد ہم اس کو پُر کرنے کے لیے سب سے پہلے سیکشن کا انتخاب کریں گے پھر بچے کا نام درج کریں گے اور بچے کا نام درج کرتے وقت اس بات کا خیال رکھے گے کہ اس کے نام کے سپیلنگ ٹھیک طرح سے لکھے گئے ہیں کیوں کہ جب ایک دفعہ بچے کی معلومات کو محفوظ کر دیں گے تو آپ کے پاس بچے کا نام ٹھیک کرنے کی سہولت ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد ہم اس کا Gender سلیکٹ کریں گے اس کے بعد بچے کی Date of Birth کا اندراج کریں گے۔ اس کے بعد جو بچے کسی بھی CCT پروگرام کے لیے اہل ہیں ان کے لیے ?Want to enroll for CCT میں Yes کا انتخاب کریں گے ورنہ No کا انتخاب کریں گے۔

Form-B کی فیلڈ میں بچے کے نادرا کے ب۔ فارم کے نمبر کا اندراج کریں گے۔ یہ تمام بچوں کے لیے ضروری نہیں ہے۔ جن بچوں کے ب فارم بن چکے ہیں ان کا اندراج کر دیں۔ کسی بھی طرح کے CCT Programe سے مستفید ہونے والے تمام بچوں کے ب۔ فارم کے نمبر کا اندراج ضروری ہوگا۔ اندراج نہ کرنے کی صورت میں یہ بچہ کسی بھی مالی معاونت کے پروگرام سے استفادہ حاصل نہیں کر سکے گا۔

پھر والد/والدہ/سرپرست کے Contact No کا اندراج کریں Contact No ڈالتے وقت اس چیز کا خیال رکھیں کہ بعد ازاں اس Contact No کی کال سینٹر کے ذریعے تصدیق کی جائے گی۔ Address کے خانے میں بچے کے پتہ کا اندراج کریں۔ Distance کے ڈراپ ڈاؤن میں سے مطلوبہ فاصلے کے آپشن کو سلیکٹ کریں جس سے یہ پتہ لگایا جا سکے کہ بچے کے گھر سے سکول تک کا فاصلہ کتنا ہے۔ اگر بچہ کا اندراج Brickline کے پروگرام میں ہے تو Yes کی آپشن کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔ اگر بچہ Special ہے تو Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں گے۔

### PARENTS

اس سیکشن میں بچے کے والدین یا سرپرست کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے۔ Father اور Mother کے نام کا اندراج ہر حال میں ضروری ہے۔ ورنہ آپ کی Entry محفوظ نہیں ہوگی۔ اسی طرح باپ، ماں یا سرپرست میں سے کسی ایک کے CNIC اور نام کا اندراج ضروری ہے۔ Father میں بچے کے باپ کے نام (Name) کا اندراج کریں گے بچے کے باپ کے نام کا اندراج کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا جانا چاہیے کہ اس کا نام شناختی کارڈ کے مطابق لکھا جائے۔ تا کہ بعد ازاں جب نادرا سے تصدیق کروائی جائے تو اس میں کوئی مسئلہ نہ آئے اسی طرح بچے کے باپ کا شناختی کارڈ نمبر لکھتے وقت احتیاط سے کام لیا جائے ایک بھی نمبر غلط ہونے کی صورت میں اس بچے کی معلومات کا اندراج ٹھیک تصور نہیں کیا جائے گا اور ریکارڈ کی تصحیح کرنے کے لیے اس ریکارڈ کو SIS سے ڈراپ کرنا پڑے گا جو کہ سکول کے ڈراپ آؤٹ میں اضافہ کا باعث بنے گا لہذا معلومات کے اندراج کے وقت اچھی طرح تسلی

کرلیں کہ جو معلومات درج کی جا رہی ہیں وہ درست ہیں یا نہیں۔

Mother میں بچے کی ماں کے نام(Name) کا اندراج کریں گے بچے کی ماں کے نام کا اندراج کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا جانا چاہیے کہ اس کا نام شناختی کارڈ(CNIC) کے مطابق لکھا جائے۔اسی طرح بچے کی ماں کا شناختی کارڈ کے نمبر کا اندراج کریں۔

Guardian میں بچے کے سرپرست کے نام(Name) اور شناختی کارڈ(CNIC) نمبر کا اندراج کریں گے۔ایسی کوئی بھی وجہ جس میں بچے کے ماں یا باپ موجود نہ ہوں تو بچے کے سرپرست کی معلومات کا اندراج کریں۔اندراج کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا جانا چاہیے کہ سرپرست کا نام شناختی کارڈ کے مطابق لکھا جائے۔

## EDUCATION

اب فارم کے تیسرے حصے کی طرف آتے ہیں جس میں ہم ایجوکیشن سے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے اس کے لیے دیے گئے Education کے بٹن کو پریس کریں گے سب سے پہلے آپ کو ایک Insaf School Students کا ایک Check Box نظر آئے گا جس کو اس صورت میں پریس کرنا ہے کہ اگر بچہ انصاف سکول میں بطور طالب علم رجسٹرڈ ہے۔پھر نیچے دی گئی فیلڈز میں سے Enrollment Number میں بچے کے سکول میں داخلے کے وقت جاری کیا گیا داخلہ نمبر کا اندراج کریں۔Date of First in School Enrollment کی فیلڈ میں بچے کے سکول میں داخلے کی پہلی تاریخ کا انتخاب کریں گے۔Class of First Enrollment in School کی فیلڈ میں بچے کے پہلی دفعہ سکول داخلے کے وقت کلاس کا انتخاب کرنا ہے۔اس کے لیے دی گئی ڈراپ ڈاؤن میں سے مطلوبہ آپشن کو سلیکٹ کریں Is Admitted by Emergency Campaign کی فیلڈ میں Yes یا No کی آپشن کا انتخاب کریں اگر بچہ Emergency enrollment Campaign کے تحت داخل کیا گیا ہے تو اس صورت میں Yes کا انتخاب کریں ورنہ آپشن میں No سلیکٹ کردیں۔Yes کی صورت میں سال کا اندراج بھی ضروری ہے۔بچے کا میڈیم بتانے کے لیے نیچے دی گئی Medium کی ڈراپ ڈاؤن میں سے انگلش یا اردو کا انتخاب کریں۔اس کے بعد آخر میں نیچے دیے گئے انرولڈ کے بٹن کو پریس کریں انرولڈ کے بٹن کو پریس کرنے سے پہلے بچے کے کوائف کو اچھی طرح سے جانچ پڑتال کرلیں کہ کسی چیز کا اندراج غلط تو نہیں ہو گیا ہے تا کہ اس کی درستگی ابھی سے کی جا سکے بعدازاں وہ سکول کے ڈراپ آؤٹ کو بڑھانے کا ذریعہ نہ بنے۔

## HEALTH

اب فارم کے چوتھے حصے کی طرف آتے ہیں جس میں ہم بچے کی صحت کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔یہ حصہ چار قسم کی معلومات پر مبنی ہے۔

- ☆ Seeing
- ☆ Hearing
- ☆ Walking
- ☆ Learning

### ☆ Seeing

اس حصے میں بچے کے دیکھنے کی صلاحیت/بصارت کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔

اگر بچہ Glasses یا Contact Lense پہنتا ہے تو ?Does wear glasses or contact lenses اس صورت Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔Difficulty while seeing the blackboard or reading text books میں ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔آپ کا انتخاب پہلے سوال کے جواب کے مطابق ہونا چاہیے۔

### ☆ Hearing

اس حصے میں بچے کے سننے کی صلاحیت/سماعت کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔اگر بچہ Hearing aid یعنی آلہ سماعت استعمال کرتا ہے تو Does use hearing aid? میں Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔Yes کا انتخاب کرتے ہی آپ کو اگلا سوال When useing hearing aid , Difficulty hearing teacher with background noise کا سوال نظر آئے گا۔اس میں ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔No کے انتخاب کی صورت میں آپ کو اگلا سوال Difficulty hearing teacher with background noise کا سوال نظر آئے گا۔اس میں ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

### ☆ Walking

اس حصے میں بچے کے چلنے کی صلاحیت کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔اگر بچہ بیساکھی کا واکر کا استعمال کرتا ہے تو Does use crutches or walker for walking? میں Yes انتخاب کریں۔ورنہ No کا انتخاب کریں۔Yes کا انتخاب کرتے ہی آپ کو اگلا سوال When useing crutches or walker, Difficulty walking long distance کا سوال نظر آئے گا۔اس میں ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔No کے انتخاب کی صورت میں آپ کو اگلا سوال Difficulty in walking کا سوال نظر آئے گا۔اس میں ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

### ☆ Learning

اس حصے میں بچے کے سیکھنے کی صلاحیت کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ اگر بچے کا موازنہ ہم عمر بچوں سے کیا جائے تو کیا اسے پڑھائی حساب اور لکھائی میں ہم عمر بچوں کی نسبت دشواری محسوس کرتا ہے یا کیا وہ ہم عمر بچوں کی نسبت کمزور ہے۔ تو اس حصے میں دیے گئے سوالات کے جوابات کے لیے ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سے کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

# سکولز

اب ہم سکولز انفارمیشن سسٹم کے بہت ہی زیادہ اہم اور بہت زیادہ معلومات پر مبنی حصے کی طرف آتے ہیں۔ جس میں سکول، اس میں مہیا کردہ سہولیات (Faciities)، اکاؤنٹس سے متعلق معلومات، ٹیچنگ نان ٹیچنگ سٹاف کی معلومات اور رجسٹر ڈ ٹیب کی معلومات کا اندراج کیا جائے گا۔

## BASICS:

جیسے ہی آپ مین سکرین سے سکول کے ٹیب پر کلک کریں گے تو Basics کا ٹیب پہلے سے ہی سلیکٹ ہوا ہوگا۔ اس ٹیب میں مندرجہ ذیل سب ٹیب نظر آئیں گے

**1:** Basics Information **2:** Year of upgrade in School level **3:** School Council

### 1: Basics Information

Basic Information میں سب سے پہلے جو فیلڈ نظر آئے گی وہ Markaz کی ہے۔ جو پہلے سے ہی سلیکٹیڈ ہے۔ اس کو آپ Edit نہیں کر سکتے دوسری فیلڈ Moza کی ہے یہاں پر آپ Moza کی معلومات کا اندراج کریں گے۔ Moza کے بعد آپ Village کی فیلڈ میں Village کا اندراج کریں گے۔ Rural/Urban کی فیلڈ میں متعلقہ آپشن کو سلیکٹ کریں پھر UC Name اور UC Number اور اس کے بعد PP Number اور NA Number کا اندراج کریں۔

ان دونوں کا اندراج کرتے وقت یہ دیکھ لیں کہ یہ نیشنل اسمبلی کے کس حلقے اور پرونشل اسمبلی کے کس حلقے میں آتا ہے۔ فون نمبر کی فیلڈ میں سکول کے Land line number کا اندراج کریں پھر سکول کی E.Mail کا اندراج E.Mail کی فیلڈ میں کریں اس کے بعد سکول کس جگہ پر واقع ہے اس کا ایڈریس (Address) لکھیں۔ سکول کس سال میں قائم ہوا اس کی معلومات دی گئی Established Year کی فیلڈ میں کریں۔ سرکاری طور پر یہ سکول لڑکوں کے لیے ہے یا لڑکیوں کے لیے۔ اس کے بعد سکول کے میڈیم کا اندراج کریں کہ سکول اردو میڈیم ہے یا انگلش میڈیم۔ سکول کی ٹائپ کا اندراج بھی کریں۔ اس کے بعد سکول کی شفٹ کی معلومات کا اندراج کریں۔ دیے گئے ڈراپ ڈاؤن میں سے دی گئی آپشنز کو سلیکٹ کریں۔ Evening یا Double Shift کے انتخاب کی صورت میں آپ کے پاس اگلی فیلڈ کھل جائے گی جس میں آپ سیکنڈ شفٹ کا لیول سلیکٹ کریں گے۔

### 2: Year of upgrade in School level

اس پورشن میں سکول کی upgradation سے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ جیسا کہ سکرین کے اوپر آپ کو پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری کی فیلڈز نظر آ رہی ہیں ان فیلڈز کے اندر آپ نے سال کا اندراج کرنا ہے جس سال سکول As a Primary, As a Middle, As a High اور Higher Secondary کے طور پر upgrade ہوا ہو۔

### 3: School Council

اس پورشن میں ہم School Council سے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ ممبرز تین طرح کے ہو سکتے ہیں Parents, Teacher اور General Members ان کو مزید جنس کے مطابق Male اور Female کی کیٹیگری میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سکول کونسل پالیسی کے مطابق ممبرز کی تعداد 17 یا 19 ہو سکتی ہیں۔ اس کے بعد نیچے دی گئی Meetings Orgnized in 2018-19 کی فیلڈ میں سکول کونسل کی میٹنگ کی کل تعداد کا اندراج کریں۔

## FACILITIES:

Facilities کے پورشن میں مندرجہ ذیل Tabs کی معلومات کا اندراج کریں گے۔

**1:** Building Information **2:** Class Rooms **3:**Basic Facilities 4: Library

**5:**Science Laboratorary **6:** Computer Laboratorary **7:** Early Child Education Programe(ECE)

### 1: BUILDING INFORMATION

Basic Information میں سکول کی بلڈنگ کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ سب سے پہلے Is School at same place as established? میں Yes یا No کا انتخاب کریں گے اگر سکول جس بلڈنگ میں قائم ہوا تھا اسی جگہ پر ہے تو Yes کا انتخاب کریں گے اور اگر سکول کی بلڈنگ تبدیل ہو گئی ہے تو No کا انتخاب کریں گے۔ Does school have a building? میں سکول کی اپنی ذاتی عمارت کے متعلق معلومات درج کریں گے اگر سکول کے پاس اپنی بلڈنگ ہے تو Yes کا انتخاب کریں گے اگر نہیں ہے تو No کا انتخاب کریں گے۔ Ownership کی فیلڈ میں سکول کی عمارت کی ملکیت کے بارے میں بتائیں گے کہ عمارت کس کی ملکیت میں ہے۔ اس کے بعد Construction Type میں سکول عمارت کی تعمیر کی قسم کے بارے میں بتائیں گے کہ وہ مکمل کچی (Completely Rough)، مکمل پکی (Completely Solid) یا چند پکے یا کچے کمرے (Partial Solid / Partial Rough) ہیں۔

Year of Most Recent Additional Construction سکول کی عمارت میں ماضی قریب میں کی گئی تعمیر کے سال کا اندراج کریں گے۔Building Conditionمیں سکول کی عمارت کی حالت کے بارے میں بتائیں گے کہ عمارت کی حالت تسلی بخش(Satisfactory)، چھوٹی موٹی مرمت کی ضرورت(Needs minor repairing)، پوری عمارت مرمت طلب (Complete building needs repairing)، پوری عمارت خطرناک ہے(Building is dangerous)یا جزوی عمارت خطرناک ہے (Partial building is dangerous)

Constructed Areaمیں آپ سکول کا تعمیر شدہ رقبہ کا اندرج square feet میں کریں گے۔اگر آپ تعمیر شدہ رقبہ کا اندراج ٹوٹل رقبہ سے زیادہ لکھنے کی کوشش کریں گے تو اس صورت میں آپ کو ایک Error Message نظر آئے گا۔Total School Areaمیں سکول کے کل رقبہ کا اندراج کنال اور مرلہ میں کریں گے۔اورUn-Covered Areaمیں کھلا میدان یا خالی پلاٹ کے رقبہ کا اندراج کنال اور مرلہ میں کریں گے۔رقبہ جات کا اندراج کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھیں کہ کل رقبہ تعمیر شدہ اور خالی پلاٹ سے زیادہ ہونا چاہیے۔ورنہ آپ کو ایکError Messageنظر آئے گا اور ریکارڈ محفوظ نہیں ہوگا۔لہٰذا ان رقبہ جات کا اندراج نہایت احتیاط سے کریں۔

## CLASS ROOMS :2

اگلا سیکشن آپ کو Classroomsکے نام سے نظر آئے گا۔اس سیکشن میں آپ سکول میں تدریسی اور غیر تدریسی کمروں کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے۔پہلی فیلڈ جو آپ کو نظر آئے گی وہ Functional Classrooms کی ہے اس میں آپ نے قابل استعمال تدریسی کمروں کی تعداد کا اندراج کرنا ہے۔اس کے بعدDangerous Classroomsمیں ایسے تدریسی کمروں کی تعداد کا اندراج کرنا ہے جو قابل استعمال حالت میں نہیں ہیں۔Under Construction Classroomsمیں زیر تعمیر تدریسی کمروں کی تعداد کے بارے میں بتایا جائے گا۔ Total Non-Classrooms کی فیلڈ میں غیر تدریسی کمروں کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔Dangerous Non-Classroomsمیں ایسے غیر تدریسی کمروں کی تعداد کا اندراج کرنا ہے جو قابل استعمال حالت میں نہیں ہیں۔Class Section In Open Airمیں ایسی کلاسوں کے سیکشنوں کی کل تعداد کا اندراج کریں گے جن کو کھلی فضا میں پڑھایا جا رہا ہے۔

## BASIC FACILITIES :3

اس سیکشن میں سکول میں موجود بنیادی سہولیات کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی۔سب سے پہلے آپ پینے کے پانی کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔

Is Drinking Water Available? کی فیلڈ میں اگر پینے کے پانی کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔Yes کی صورت میں ایک اور ڈراپ ڈاؤن باکس آپ کو نظر آئے گا اس میں آپ پینے کے پانی کا(Source)ذریعہ منتخب کریں گے۔اس کے بعد

Is Electricity Available? کی فیلڈ میں اگر بجلی کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔Yes کی صورت میں ایک اور ڈراپ ڈاؤن باکس آپ کو نظر آئے گا اس میں آپ بجلی کا(Source)ذریعہ منتخب کریں گے۔اسی طرحNoکی صورت میں بھی آپ کو ایک اور ڈراپ ڈاؤن باکس نظر آئے گا اس میں آپ بجلی نہ ہونے کی وجہ منتخب کریں گے۔پھر

Is Toilet Available? کی فیلڈ میں اگر لیٹرین کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔Yes کی صورت میں آپ تین اور فیلڈ نظر آئیں گی جس میں آپ قابل استعمال(Functional)اور غیر قابل استعمال(Non Functional)لیٹرینوں کی تعداد کا اندراج کریں گے۔تیسری فیلڈFor Teachersمیں آپ اساتذہ کے استعمال میں موجود لیٹرینوں کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔اسی طرح

Is Boundary Wall Available? کی فیلڈ میں اگر سکول کی چاردیواری کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔Yes کی صورت میں ایک اور ڈراپ ڈاؤن باکس آپ کو نظر آئے گا اس میں آپ چاردیواری کی موجودہ حالت(State)منتخب کریں گے۔اس کے بعد

Is Main Gate Available? کی فیلڈ میں اگر سکول کا گیٹ موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔پھر

Is Sewerage Available? کی فیلڈ میں اگر سکول میں نکاسی آب کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔

Is Playing Ground Available? کی فیلڈ میں اگر سکول میں کھیل کے میدان کی سہولت موجود ہے توYes کا اندراج کریں ورنہNo کا اندراج کریں۔Yes کی صورت میں ایک اور فیلڈ Areaکے نام سے نظر آئے گی اس میں آپ نے کھیل کے میدان کا رقبہ کا اندراجSquare Feetمیں کرنا ہے۔اس فیلڈ میں آپ کسی بھی صورت سکول کے کل رقبہ اور خالی پلاٹ کے رقبے سے زیادہ رقبہ کا اندراج نہیں کر سکتے۔

Security Arrangements کی فیلڈ کے آگے آپ کو ایک ڈراپ ڈاؤن نظر آئے گا۔اس ڈراپ ڈاؤن میں سے سکول میں سیکورٹی انتظامات کے بارے میں بتائیں گے کہ وہ Satisfactory(تسلی بخش)،Un-Satisfactory(غیر تسلی بخش)ہیں یاNot Available(سرے سے موجود ہی نہیں ہے)

Teachers with Furniture کی فیلڈ میں آپ سکول میں اساتذہ جن کے لیے فرنیچر موجود ہے ان کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔

Students with Furniture کی فیلڈ میں آپ سکول میں طالب علم جن کے لیے فرنیچر موجود ہے ان کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔

اب آتے ہیںPlaying Facilities کی طرف:

اس سیکشن میں آپ سکول میں موجود کھیلوں کی سہولیات کے بارے میں بتائیں گے کہ دی ہوئی کھیلوں کی لسٹ میں سے آپ کے سکول میں کون کون سی کھیل کھیلی جاتی ہیں۔جس کھیل کو بھی آپSelect کریں گے اس کے نیچے ایک سوال آجائے گا۔ Is equipment available? (کیا اس کھیل سے متعلق سامان موجود ہے)اس کا جواب آپYesیاNo کی صورت میں دیں گے۔اگر کھیل کے متعلق سامان موجود ہے توYes کریں گے ورنہNoمنتخب کریں گے۔

## LIBRARY :4

اس سیکشن میں آپ سکول میں موجود لائبریری کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ کہ کیا سکول میں لائبریری موجود ہے (Does school have a library?) اگر سکول میں لائبریری موجود ہے تو Yes کا اندراج کریں گے ورنہ No کا اندراج کریں گے۔ Yes کی صورت میں State کے باکس میں ڈراپ ڈاؤن کی ایک فہرست کھلے گی اس میں سے لائبریری کی موجودہ حالت کے مطابق آپشن کا انتخاب کریں گے۔ اس کے بعد Book Count کے پورشن میں لائبریری میں موجود اردو ادب (Urdu Literature), انگریزی ادب (English Literature), سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (Science and Technology) یا علاوہ ازیں (Others) کل کتابوں کا اندراج کریں گے۔

## SCIENCE LABORATORY :5

اس سیکشن میں آپ سکول میں موجود Science Laboratory کے بارے میں معلومات کا اندراج کریں گے۔ کہ کیا سکول میں سائنس لیبارٹری موجود ہے

(Does school have a science laboratory?) اگر سکول میں سائنس لیبارٹری موجود ہے تو Yes کا انتخاب کریں گے ورنہ No کا انتخاب کریں گے۔ Yes کی صورت میں آپ کو لیبارٹری کی پانچ اقسام نظر آئیں گی۔ ہر لیبارٹری کے متعلق آپ بتائیں گے کہ کیا مندرجہ بالا قسم کی لیبارٹری سکول میں موجود ہے یا نہیں۔ Yes کی صورت میں ایک ڈراپ ڈاؤن باکس کھل جائے گا اس میں سے آپ لیبارٹری کے سامان کے متعلق معلومات کا اندراج کریں گے۔ آیا کہ اس لیبارٹری کے متعلق سامان کافی مقدار میں موجود ہے (Enough)، ناکافی مقدار میں موجود ہے (Not Enough) یا بالکل ہی موجود نہیں (Not Available)۔

## COMPUTER LABORATORY :6

(Is computer laboratory available?) اگر سکول میں کمپیوٹر لیبارٹری موجود ہے تو Yes کا انتخاب کریں گے ورنہ No کا انتخاب کریں گے۔ Yes کی صورت میں آپ کو لیبارٹری کی تین مزید فیلڈ پُر کرنی ہوں گی۔ (Students in computer class) میں آپ سکول میں کمپیوٹر پڑھنے والے کل طلباء/طالبات کی تعداد کا اندراج کریں گے۔ (Functional computer) میں آپ زیر استعمال کمپیوٹر کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔ (Total computer) میں آپ سکول میں موجود کمپیوٹرز کی کل تعداد کا اندراج کریں گے۔ چاہے وہ قابل استعمال حالت میں ہیں یا نہیں۔ اس کے بعد آپ Internet Available میں سکول میں انٹرنیٹ کی سہولت کی موجودگی کے مطابق Yes یا No کا اندراج کریں گے۔

## Early Child Education Program (ECE) :7

اس سیکشن میں آپ نے Early child education program کے بارے میں مکمل معلومات مہیا کرنی ہے۔

?Is Room Available for ECE میں سکول میں ECE کمرہ کی موجودگی کی صورت میں Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔

?Is ECE Room Under Construction کے جواب میں اگر سکول میں ECE تدریسی کمرہ زیر تعمیر ہے تو Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔

?Is ECE Equipment Available کے جواب میں اگر سکول میں ECE سامان/ آلات موجود ہیں تو Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔

?Are there ECE trained teachers available کے جواب میں اگر سکول میں ECE تربیت یافتہ استاد تعینات ہیں تو Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔

?Is there Care Giver available کے جواب میں اگر سکول میں Care Giver تعینات ہیں تو Yes کا انتخاب کریں ورنہ No کا انتخاب کریں۔

## POSTS

اس سیکشن میں سکول میں موجود ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف دونوں کیسینکشنڈ پوسٹس کا Designation کے ساتھ تعین کیا جاتا ہے کہ کس Designation کی کتنی سیٹ اس سکول میں Sanction کی گئی ہیں۔ پوسٹ کو Update یا Delete یا کوئی بھی نئی پوسٹ ڈالنے کی Functionality سکول کے پاس موجود نہیں ہے مگر اس سہولت کو ضرورت تحت حاصل کیا جا سکتا ہے اگر سکول غلطی سے کوئی غلط Designation یا No of post کا اندراج کر دیا ہے تو اس کو درست کرنے کے لیے وہ پہلے DMO Office سے رابطہ کرے گا اور اپنے سکول کے لیٹر ہیڈ پر ایک درخواست دے گا جس میں مطلوبہ پوسٹ کی درستگی کا حوالہ دیا ہوگا۔ DMO Office اس درخواست کو جانچنے کے بعد اس سکول کو مطلوبہ سہولت میسر کر دے گا جس کے بعد سکول خود سے درست ڈیٹا کا اندراج کر سکے گا۔ نیا اندراج کرنے کے لیے رجسٹرڈ سینکشن پوسٹ کا بٹن دیا گیا ہے۔ اور پہلے سے درج کی گئی پوسٹ کی درستگی کے لیے مطلوبہ پوسٹ کے نام کو پریس کریں۔ اس سے آپ سے پاس آپشنز آ جائیں گی جس کے ذریعے آپ مطلوبہ پوسٹ کی تعداد کو Update یا Delete کر سکتے ہیں۔ اور اگر پوسٹ کے نام کا اندراج ہی غلط ہو گیا ہے تو اس کو Delete کے بٹن سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ واپس جانے کے لیے Cancel کا بٹن دبائیں۔

## REGISTERED TABLETS

اس سیکشن میں آپ کے سکول کے تمام Registered Tablets کا ریکارڈ نظر آ رہا ہوگا۔ کسی بھی نئی ڈیوائس کو رجسٹرڈ کرنے کے لیے اس ڈیوائس پر SIS کی Application کو انسٹال کریں۔ اور اپنے سکول کا Login اور Password کا اندراج کریں۔ Login کرنے پر آپ کو Registered Tablet کی آپشن نظر آئے گی۔ اس آپشن کو پریس کرنے پر پہلے سے رجسٹرڈ ٹیبلٹ پر آپ کو اس ٹیبلٹ کا ریکارڈ نظر آنا شروع ہو جائے گا۔ ایکشن کے باکس میں موجود Accept یا Reject کی سہولت کو استعمال کرتے ہوئے آپ اس ٹیبلٹ کو رجسٹرڈ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے سکول کے پاس پہلے سے رجسٹرڈ ٹیب موجود نہیں ہے تو پھر آپ اپنے متعلقہ AEO یا DMO Office سے ٹیب رجسٹریشنز کے لیے رابطہ کریں۔

# 27 نیوانڈیکیٹرز

## ہدایات

1: کیااسکول میں ریمپ کی سہولت موجود ہے؟اگر ہاں تو جسمانی معذوری کے حامل کتنے طلباء ریمپ استعمال کرتے ہیں۔

2: کیااستاد نے خصوصی طلباء(معذور طلباء) کو پڑھانے کے لیے تسلیم شدہ ادارے سے تربیت حاصل کی ہے۔اگر ہاں تو ادارہ/ تنظیم کی قسم (QAED/OTHERS)۔اگر QAED کے علاوہ ہے،تو ادارہ/ تنظیم /یونیورسٹی کا نام تحریر کریں اور لی گئی تربیت کی قسم منتخب کریں۔

(Seeing, Hearing, Walking, Remembering,Other)

3: کیاخصوصی بچوں کی سہولت کے لیے اسکول میں تدریس اور سیکھنے کی امداد دستیاب ہے۔ اگر ہاں،تو دستیاب آلات کی اقسام کا انتخاب کریں۔

(Hearing amplifier, spectacles, perkin machine, tectile material, brail, wheelchair, clutches, canes, others)

4: طالب علم پناہ گزین ہے۔ اگر پناہ گزین ہے تو رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ

اگر رجسٹرڈ ہے تو پناہ گزین کارڈ نمبر یا حکومت کی طرف سے جاری کردہ کوئی دستاویز نمبر درج کریں۔

5: کیا خواتین اساتذہ کے لیے ڈے کیئر کی سہولت دستیاب ہے۔ ہاں/ نہیں

6: کیا تدریسی مقاصد کے لیے آئی سی ٹی کی سہولت دستیاب ہے۔

اگر آئی سی ٹی کی سہولت دستیاب ہے تو کون سی اقسام

(LCDs, Projectors, Smart boards, Computers, Laptops, Printers, Scanners, Computer Softwares, CDs, networking, immersive readers, others)

7: کیا آن لائن تدریس اور سیکھنے کے مقصد کے لیے ڈیجیٹل وسائل دستیاب ہیں۔اگر ہاں تو ڈیجیٹل وسائل کی اقسام

(Internet, mobile phones, tablets, televisions, videos, e-learning platforms, others)

8: کیا پچھلے سال کے دوران جسمانی سزا کا کوئی واقعہ رپورٹ ہوا ہے۔اگر ہاں تو اسکول نے اس واقعے کی اطلاع DEA یا SED کو دی ہے۔

اگر ہاں تو واقعات/ شکایات کی تعداد اور جسمانی سزا کی وجوہات/ عوامل منتخب کریں۔

(stress of teacher, conflict with social background of students, poor lesson planning, teacher reaction due to poor learning level of students, poor classroom management by the teacher, teacher aptitude/temprament, other)

9: کیا سکول پر پچھلے سال کے دوران دہشت گردی کا کوئی واقعہ رپورٹ ہوا ہے۔(i) اگر ہاں تو حملوں کی تعداد (ii) متاثر کون ہوا۔

(school building, personnel, students) (iii) کیا واقع پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا تھا۔

10: کیا گریڈ-1 کے طلباء نے منظم ECE تعلیم مکمل کی ہے۔ہاں/ نہیں

11: کیا اسکول کسی بھی تنظیم کے ذریعہ سے اپنایا گیا ہے۔اگر ہاں تو تنظیم کا نام

(Care Foundation, Akhuwat Foundation, Maowin Foundation, Muslim Hands, Other)

**12:** کیا سکول میں غیر احاطہ شدہ جگہ دستیاب ہے جہاں تعمیر کی جا سکتی ہے۔ اگر ہاں تو کس قسم کی تعمیرات کی جا سکتی ہیں۔

(Toilet, Classrooms, Labs, Other)

اگر ہاں تو سکول میں غیر احاط شدہ جگہ جہاں تعمیر کی جا سکتی ہو۔ (مربع فٹ میں)

**13:** سکول کے برآمدہ میں پڑھائے جانے والی کلاس سیکشنز کی تعداد درج کریں۔

**14:** بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے بتائے گئے خطرناک کلاس رومز کی تعداد درج کریں۔

**15:** اگر لائبریری موجود ہے تو ہفتہ وار پڑھنے کے اوقات کے سیشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ہاں یا نہیں

**16:** اگر اسکول میں باؤنڈری وال موجود ہے تو اسکول کے اندر سے باؤنڈری وال کی اُونچائی منتخب کریں۔

**17:** اگر اسکول میں باؤنڈری وال موجود ہے تو اسکول کے باہر سے باؤنڈری وال کی اُونچائی منتخب کریں۔

**18:** پینے کا پانی میسر ہے تو پانی کی حالت منتخب کریں۔ (clean, not smelly, un-pleasant taste)

**19:** اسکول میں حفاظتی انتظامات کی اقسام

(Security guard,Barbed wire,CCTV camera,Glass spikes, other)

**20:** کیا ہر فنکشنل کلاس روم میں بجلی کی وائرنگ دستیاب ہے۔ اگر نہیں تو اُن فنکشنل کلاس رومز کی تعداد درج کریں جہاں وائرنگ دستیاب نہیں ہے۔

**21:** کیا بجلی دستیاب ہے، میٹر نصب ہے اور مکمل وائرنگ ہے۔ ہاں/ نہیں

**22:** کیا طالب علم کو عینک پہن کر بھی دیکھنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

(no difficulty, some difficulty, a lot of difficulty, cannot do at all)

**23:** کیا طالب علم کو ہیئرنگ ایڈ استعمال کرتے ہوئے بھی سننے میں دشواری کا سامنا ہے۔ کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

(no difficulty, some difficulty, a lot of difficulty, cannot do at all)

**24:** کیا طالب علم کو پیدل چلنے یا سیڑھیاں چڑھنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

(no difficulty, some difficulty, a lot of difficulty, cannot do at all)

**25:** کیا طالب علم کو یاد رکھنے یا توجہ مرکوز کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

(no difficulty, some difficulty, a lot of difficulty, cannot do at all)

**26:** اگر انٹرنیٹ دستیاب ہے، تو اسکول میں کس قسم کا انٹرنیٹ کنکشن دستیاب ہے۔ کسی ایک آپشن کا انتخاب کریں۔

（Copper / ADSL, Fiber, Satellite, Mobile / LTE）

**27:** کیا اسکول موبائل کوریج ایریا میں ہے۔ اگر ہاں تو بہترین کوریج فراہم کنندگان کا انتخاب کریں۔

(Telenor, Jazz, Zong, Onic, Ufone)

اگر ہاں تو فراہم کنندگان سے کوریج کی قسم منتخب کریں۔

(2G, 3G, 4G, 5G)